# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: فقہ المالیات (2962)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ: 1 تا 4)

سوال نمبر 1۔ معاشیات کی تعریف، آغاز وارتقاء، نفس مضمون اور اسلام سے قبل طائف کی معاشی سرگرمیوں پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 2۔ اسلامی اور سرمایہ دارانہ نظام معیشت کی فکری بنیادوں کا تقابل کریں۔ 20

سوال نمبر 3۔ زکوۃ وعشر اور اس کی معاشی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 4۔ بیع میں ایجاب وقبول کی شرائط کے حوالے سے جامع نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 5۔ وراثت اور اس کی معاشی اہمیت پر بحث کریں۔ 20

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 5 تا 9)

سوال نمبر 1۔ خیار رؤیت کے احکام پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 2۔ شرکت عنان اور اس کے احکام تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 3۔ استصناع کی تعریف، مشروعیت، شرائط اور اس کا حکم تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 4۔ دراہم اور دینار میں کمی بیشی سے متعلقہ مسائل، اُن میں غالب دھات کا اعتبار، اور خرید وفروخت میں رائج کرنسی کے از خود متعین ہونے کے احکامات قلمبند کریں۔ 20

سوال نمبر 5۔ اجیر کی اقسام اور ان سے متعلقہ مسائل پر نوٹ لکھیں۔ 20